Asylum Advice

سیکشن 4A:

فیصلے کے بعد ۔۔ مثبت فیصلہ

سیکشن 4A: فیصلے کے بعد ۔ مثبت فیصلہ

اس حصے میں یہ بتایا گیا ہے کہ اگر آپ کے اسائلم کے کلیم پر غور کرنے کے بعد آپ کو United Kingdom یونائیٹڈ کنگڈم یعنی یو-کے میں Leave to Remain لیو ٹو ریمین تو اس کے بعد کیا ہوگا۔ اب جو معلومات دی جارہی ہیں ان سے آپ کو پتا چلے گا کہ آگے کیا ہوگا۔

4A.1 مجھے جو درجہ ملا ہے اس کا کیا مطلب ہے؟

ہوم آفس تین طرح کے درجے دے سکتا ہے جو یہ ہیں:

1. Refugee Status. رفیوجی اسٹیٹس یعنی پناہ گزین کا درجہ
اگر آپ کو رفیوجی یعنی پناہ گزین سمجھا گیا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہوم آفس نے یہ مان لیا ہے کہ اقوامِ متحدہ کے کنونشن میں پناہ گزین کی جو تعریف کی گئی ہے آپ اس پر پورے اُترتے ہیں، اور یہ مان لیا گیا ہے کہ آپ کو ایذا رسانی پہنچ سکنے کے خطرے کی مضبوط بنیاد موجود ہے اور اب جو معیار بتائے جائیں گے آپ ان میں سے ایک یا زیادہ معیاروں پر پورے اُترتے ہیں۔ آپ کی نسل، مذہب، کسی خصوصی سماجی گروہ سے تعلق یا آپ کے سیاسی خیالات

ابتدا میں Home Office ہوم آفس آپ کو لیو ٹو ریمین یعنی پانچ سال کے لئے UK یو-کے میں رہائش رکھ سکنے کی اجازت دے گا۔ آپ کے بائیومیٹرک یعنی انگلیوں کے نشانات اور تصویر نیز Home Office ہوم آفس کے کاغذات اس بات کی تصدیق کریں گے کہ آپ کو پناہ گزین تسلیم کرلیا گیا ہے۔

اس وقت جو امیگریشن کی پالیسی ہے اس کے مطابق جب آپ پانچ سال تک رفیوجی یعنی پناہ گزین کا درجہ یا انسانی حقوق کے تحفظ کا درجہ حاصل کرلیتے ہیں تو اس کے بعد آپ Indefinite Leave to Remain انڈیفینیٹ لیِو ٹو ریمین یعنی وقت کی قید کے بغیر رہائش جسے سیٹلمنٹ بھی کہتے ہیں کی درخواست دے سکتے ہیں۔

تاہم اگر آپ یا آپ پر انحصار کرنے والا کوئی شخص کسی جرم کا مرتکب ہوا تو اسے مسترد کیا جاسکتا ہے۔

2. انسانی حقوق کی حفاظت
اس کا مطلب یہ ہے کہ Home Office ہوم آفس نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آپ پناہ گزیں کا درجہ حاصل نہیں کر سکے، مگر وہ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ایسی وجوہ موجود ہیں کہ اگر آپ اپنے آبائی وطن واپس لوٹے تو آپ کو نقصان پہنچنے کا انتہائی خطرہ ہے۔ اس کی یہ وجوہ ہوسکتی ہیں۔

- سزائے موت ہوسکتی ہو یا اس سزا عمل ہونا ہو
- غیر قانونی موت
- تشدّد
- غیر قانونی یا توہین آمیز سلوک
- سزا یا بین الاقوامی یا اندرونی مسلح جھگڑوں اور بلا تفریق تشدّد کی بنا پر زندگی کو انتہائی انفرادی خطرہ ہو۔
اگر آپ کو Humanitarian Protection ہیومینٹیرین پروٹیکشن یعنی انسانی زندگی کا تحفظ دیا گیا تو آپ

کو لیوٖ ٹو ریمین یعنی پانچ سال کےلئے UK یو-کے میں رہنے کی اجازت دی جائے گی، آپ کے کاغذات اس بات کی تصدیق کریں گے کہ آپ کو انسانی حقوق کی حفاظت کی بنیاد پر رہائش کی اجازت دی گئی ہے۔

اس وقت جو امیگریشن کی پالیسی ہے اس کے مطابق پانچ سال تک انسانی زندگی کی حفاظت کے تحت رہنے کے بعد آپ Indefinite Leave to Remain انڈیفینیٹ لیو ٹو ریمین یعنی غیر معینہ مدّت تک رہائش رکھ سکنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

3. خصوصی حالات کی بنا پر رہائش کی اجازت

اگر Home Office ہوم آفس اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ آپ کو انسانی حقوق کی حفاظت کی بنا پر، یا پناہ گزیں ہونے کی بنا پر رہائش کا حق دیا جاسکتا ہے لیکن کچھ خصوصی حالات ہیں جن کی بنا پر آپ کو عارضی رہائش کا حق دیا جاسکتا ہے، تو آپ کو ڈسکریشنری لیوِ ریمین یعنی خصوصی حالات کی بنا پر رہائش کی اجازت دی جائے گی

خصوصی حالات کی بنا پر رہائش کی اجازت عموماً زیادہ سے زیادہ ڈھائی سال یعنی تیس ماہ کےلئے دی جاتی ہے۔ آپ کو یہ اجازت دی جائے گی کہ آپ اپنی رہائش کی اجازت میں توسیع کی درخواست دے سکتے ہیں اور دس سال کے بعد آپ انڈیفینیٹ لیوٖ ٹو ریمین یعنی مستقل رہائش کےلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

4A.2 اگر مجھے پناہ گزیں کا درجہ نہ دیا گیا تو کیا میں اپیل کرسکتا ہوں؟

اگر آپ کو انسانی حقوق کے تحفظ کے تحت یا خصوصی حالات کے بنا پر رہائش کی اجازت دی گئی جو کہ بارہ مہینے سے ذیادہ عرصے کےلئے ہو مگر پھر بھی آپ یہ سمجھتے ہوں کہ آپ کےلئے پناہ گزیں کا درجہ حاصل کرسکنے کی مضبوط بنیادیں موجود ہیں تو آپ Home Office ہوم آفس کے فیصلے کے خلات اپیل کرسکتے ہیں۔ یہ درجہ اوپر کرنے کی اپیل کہلاتی ہے۔ آپ کو اس سلسلے میں اپنے وکیل سے بات کرنی چاہیئے۔ اگر آپ کامیاب رہے تو آپ کو پناہ گزیں کا درجہ دے دیا جائے گا۔

4A.3 جب میری رہائش کی اجازت ختم ہونے والی ہوگی تو کیا ہوگا؟

جب آپ کی رہائش کی مدّت ختم ہونے والی ہوگی اس وقت آپ نے Home Office ہوم آفس کو ایک اور درخواست بھیجنا ہوگی آپ اپنی یہ درخواست اپنی اجازت ختم ہونے سے محض اٹھائیس دن پہلے دے سکتے ہیں۔

یہ بات بہت ہی ضروری ہے کہ آپ کی موجودہ اجازت ختم ہونے سے پہلے آپ کی اگلی درخواست مل جائے۔ اگر آپ کی موجودہ درخواست کی مدت ختم ہونے سے پہلے Home Office ہوم آفس نے فیصلہ نہیں کیا تو آپ کے حقوق ویسے ہی چلتے رہیں گے جیسے پہلے تھے۔ اگر Home Office ہوم آفس کو آپ کی اگلی درخواست آپ کی موجودہ رہائش کی اجازت کی تاریخ کے بعد ملی تو ممکن ہے UK یو-کے میں آپ کا قیام غیر قانونی ہو جائےـاس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کا کام کرسکنے کا حق، یہاں بینیفٹ لینے کا حق اور آپ کی رہائش سے منسلک جتنے بھی فوائد تھے سب ختم ہوجائیں۔ اگر ایسا ہوگیا تو آپ کو فوری قانونی مشورے کی ضرورت ہوگی Home Office ہوم آفس کی امیگریشن کی ویب سائیٹ پر اس بارے میں معلومات مل سکتی ہیں۔

اگر آپ کو Discretionary Leave to Remain ڈسکریشنری لیوِ ٹو ریمین یعنی خصوصی حالات کی بنا پر رہائش کی اجازت دی گئی ہے، تو پھر آپ کو رہائش کی اجازت حاصل کرنے کےلئے مزید وقت کی درخواستیں دینا پڑیں گے۔ جب تک پالیسی کے تحت آپ مزید رہائش کے حقدار ہیں آپ کو مزید اجازت ملتی رہے گی آپ کو اس وقت تک ایسا کرتے رہنا پڑے گا جب تک آپ کی دس سال کی رہائش کی مدت مکمل ہوجائے۔ رہائش کی مزید اجازت لینے کے بارے میں معلومات آپ کو Home Office ہوم آفس کی ویب سائیٹ پر مل جائیں گی ۔

https://www.gov.uk/browse/visas-immigration اس عرصے کے بعد آپ غیر معینہ مدّت کےلئے رہائش کی درخواست دے سکیں گے۔ پھر آپ کی درخواست کامیاب ہوگئی تو UK یو-کے میں آپ کی رہائش کی اجازت کی کوئی حد نہیں رہے گی

ایک اہم نوٹ: یہ بات بہت ہی اہم ہے کہ آپ امیگریشن کے بارے میں قوانین کے بارے میں آگاہ رہیں جو وقت کے ساتھ تبدیل ہوسکتے ہیں۔ آپ Home Office ہوم آفس کی ویب سائیٹ دیکھتے رہنے سے یہ آگاہی حاصل کرسکتے ہیں۔
https://www.gov.uk/browse/visas-immigration

4A.4 مجھے کون سے کاغذات دیئے جائیں گے؟

بائیومیٹرک کارڈ **Biometric Card**
آپ کو بائیو میٹرک ریزیڈنس پرمٹ یعنی رہائشی اجازت نامہ دیا جائے گا جو کہ ایک کارڈ کی صورت میں ہوگا۔ یہ دستاویز بھی آپ کے ARC آرک کارڈ جیسی ہی ہوتی ہے۔آپ کا بائیو میٹرک کارڈ آپ کے UK یو-کے میں رہنے، کام کرسکنے اور تعلیم حاصل کرسکنے کا اجازت نامہ ہے۔ آپ اپنا یہ بائیومیٹرک کارڈ شناختی کارڈ کے طور پر استعمال کریں گے۔ UK یو-کے میں جب آپ نے اپنا بینک اکاؤنٹ کھولنا ہوا تو آپ کو یہ کارڈ دکھانا پڑے گا۔ آپ کو یہ کارڈ ہر وقت تو اپنے ساتھ رکھنے کی ضرورت نہیں لیکن جب آپ نے UK یو-کے میں اپنے حقوق کا ثبوت دینا ہوا تو یہ کارڈ دکھانا ہوگا۔

بائیو میٹرک کارڈ آپ کو یا آپ کے وکیل کو محفوظ ڈاک بھیجنے کے طریقے سے بھیجا جائے گا۔ آپ کے گھرانے کے ہر فرد کےلئے الگ سے ایک کارڈ دیا جائے گا۔

آپ کے بائیومیٹرک کارڈ میں آپ کا نام، تاریخ پیدائش یا پیدائش کا مقام، آپ کی تصویر، آپ کا امیگریشن کا درجہ، آپ کی اجازت کب ختم ہوتی ہے، آپ کے حقوق اور آپ کے دستخط درج ہوں گے۔ آپ کے کارڈ میں جو بائیومیٹرک چِپ ہوگی اس میں آپ کی انگلیوں کے نشانات اور تصویر ہوگیـ

ایک اہم نوٹ: آپ نے یہ دیکھنا ہوگا کہ جو بھی تفصیل آپ کے کارڈ میں درج ہے درست ہے۔ اگر کوئی بھی غلطی ہو تو فوراً Home Office ہوم آفس کو اطلاع دیں۔

کوئی غلطی ہونے کی صورت میں ،اپنے کارڈ کے وصول کرنے کے دس دن کے اندر اندر آپ کو لازماً رپورٹ کرنی ہو گیـ اگر آپ ایسا نہیں کرتے تو آپ کو دوبارہ درخواست دینی پڑ سکتی ہے اور متبادل بائیو میٹرک کارڈ کیلئے پیسے ادا کرنے پڑیں گے۔ آپ اپنی ایـمیل یہاں بھیج سکتے ہیں:

BRPError@homeoffice.gsi.gov.uk

اپنی ای میل میں درج ذیل شامل کریں:

- اپنا پاسپورٹ نمبر
- اپنا بائیو میٹرک ریزیڈنس پرمٹ نمبر
- اپنے کیس کا ریفرنس نمبر
- رابطے کیلئے ایک فون نمبر

- اس بارے میں مکمل تفصیل کہ کیا کچھ غلط ہے

اگر میرا Biometric Card بائیو میٹرک کارڈ گُم ہوگیا تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کا بائیومیٹرک کارڈ گم ہوگیا تو جس قدر جلد ممکن ہوسکے، ہوم آفس کو اس کی اطلاع دیں۔ Home Office ہوم آفس کو آپ کا بائیو میٹرک کارڈ معطل کرنا پڑے گا۔ قانونی طور پر آپ کا یہ فرض ہے کہ آپ اپنا کارڈ معطل کرائیں اور آپ کےلئے ضروری ہے کہ آپ اس ای میل کے ذریعے Home Office ہوم آفس کو اطلاع دیں۔ BRPLost@homeoffice.gsi.gov.uk.

اپنی ای میل میں لازمی طور پر یہ معلومات فراہم کریں:

- اپنا مکمل نام نیز؛
- آپ کی تاریخِ پیدائش اور؛
- آپ کی قومیت؛
- اس کے علاوہ آپ کا پاسپورٹ نمبر؛
- آپ کے بائیو میٹرک کارڈ کا ریفرنس نمبر؛
- اسی طرح اپنے کیس کا ریفرنس نمبر؛
- اور اپنے رابطے کی تفصیل بیان کریں؛ اور
- کب، کہاں اور کیسے یہ اجازت نامہ گم ہوا یا چوری ہوا تحریر کریں۔

اس کے گم ہونے یا چوری ہونے کی اطلاع آپ لازمی طور پر پولیس کو بھی دیں اور جس قدر جلد ممکن ہوسکے پولیس سے یہ رپورٹ درج کرانے کا حوالہ نمبر اور کرائم ریفرنس نمبر لیں۔ اگر آپ کا کارڈ چوری ہو گیا ہے تو آپ کو چاہئے کہ اس جرم کی خبر اپنے پولیس سٹیشن میں کریں۔ اگر آپ کا کارڈ گم ہو گیا ہے تو آپ کو اس بارے میں رپورٹ اس ویب سائٹ کے ذریعے دینی چاہئے:https://www.reportmyloss.com ۔ زیادہ تر علاقوں میں گمشدہ کارڈ کی اطلاع دینے کی قیمت £3.95 ہوتی ہے۔ اس کی ادائیگی کیلئے آپ کو ایک ڈیبٹ /کریڈٹ کارڈ کی ضرورت پڑے گی۔

آپ کو ایک متبادل بائیومیٹرک کارڈ حاصل کرنے کی درخواست دینا ہوگی ۔ اس بارے میں معلومات Home Office ہوم آفس کی ویب سائیٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

https://www.gov.uk/biometric-residence-permits

National Insurance Number (NINO)
نیشنل انشورنس نمبر جسے نینو یعنی این آئی این او بھی کہتے ہیں

آپ کے تفصیلی انٹرویو کے حصے کے طور پر آپ کے National Insurance Number نیشنل انشورنس نمبر کے بارے میں بھی پوچھا گیا ہوگا۔ آپ کا National Insurance Number نیشنل انشورنس نمبر ایک ایسا نمبر ہوتا ہے جو صرف آپ کا ہوتا ہے۔ UK یو-کے میں قومی محصول کی ادائیگی اور قومی فلاحی نظام کے لئے یہ نمبر استعمال ہوتا ہے۔ ساری زندگی کےلئےآپ کا ایک ہی نیشنل انشورنس نمبر ہوتا ہے۔ یہ اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ آپ قومی بھلائی کےلئے جو بیمہ اور محصول ادا کرتے ہیں آپ کے نام کے ساتھ ریکارڈ ہوتا رہے۔ جب

Department for Work and Pensions ڈپارٹمنٹ آف ورک اینڈ پنشز جسے DWP ڈی ڈبلیو پی بھی کہتے ہیں سے بات کرنا ہو یا Revenue & Customs HM ملکہ معظمہ کے ریونیو اور کسٹم کے محکمہ یعنی HMC ایچ ایم سی سے بات کرنا ہو اس وقت بھی یہی نمبر حوالے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

عموماً سولہ سال سے بڑی عمر کے افراد کے لئے National Insurance Number نیشنل انشورنس نمبر جاری کیا جاتا ہے۔

اگر آپ کے ساتھ کوئی دوسرے بالغ بھی ہوں جن کا آپ پر انحصار کی بنا پر آپ کے ساتھ اسائلم کا کیس درج ہے تو اسائلم کے آپ کے انٹرویو دے دوران NINO نیشنل انشورنس نمبر کے اجرا کےلئے ان کا انٹرویو نہیں ہوتا اس وجہ سے انہیں خود بخود NINO نیشنل انشورنس نمبر(نہیں ملے گا۔ آپ نے خود
Department of Work and Pensions ڈپارٹمنٹ آف ورک اینڈ پنشنز) کے محکمے سے رابطہ کرنا ہوگا اور وہ آپ کے زیرِ کفالت افراد کےلئے NINO نیشنل انشورنس نمبر جاری کردیں گے۔

اگر آپ نے اس لئے NINO نیشنل انشورنس نمبر حاصل کرنے کی درخواست دینی ہے کہ آپ ملازمت شروع کرنے والے ہیں یا اپنا کاروبار شروع کرنے لگے ہیں تو Job Centre Plus جاب سینٹر پلس سے اس نمبر پر رابطہ کریں:

0845 600 0643

اگر آپ حکومتی بینیفٹ کےلئے اپلائی کرنا چاہتے ہوں تو Department for Work and Pensions ڈی ڈبلیو پی کے محکمہ کا جاب سینٹر آپ کے جاب سینٹر کے انٹرویو کے دوران آپ کا نیشنل انشورنس نمبر کا فارم بھردے گا۔ اس فارم کو DCI B1 ڈی سی آئی ون بی فارم کہتے ہیں۔ اس میں یہ درخواست کی جائےگی کہ آپ کو NINO نیشنل انشورنس نمبر دیا جائے۔

اگر آپ کو National Insurance Number نیشنل انشورنس نمبر کے انٹرویو کےلئے بُلایا گیا تو آپ کو اپنی شناخت اور UK یو۔کے میں ملازمت کرسکنے کے حق کو ثابت کرنا ہوگا۔ آپ کابائیومیٹرک کارڈ آپ کے یہ حقوق ثابت کرسکتا ہے۔ ممکن ہے آپ سے یہ بھی کہا جائے کہ اپنے ہمراہ کوئی اور شناختی کاغذات بھی لائیں۔ آپ کو ایک خط دیا جائے گا جس میں بتایا جائے گاکہ آپ نے اپنے ہمراہ کون سی معلومات لیجانا ہوں گے۔

4A.5 انٹیگریشن لون

یعنی معاشرے میں شامل ہوسکنے کےلئے پاسکنے والے قرضے کی تفصیل

اگر آپ کو انسانی حقوق کی حفاظت کی بنا پر یا پناہ گزیں ہونےکی بنا پر رہائش کا حق دیا گیا ہے تو آپ Loan Integration انٹیگریشن لون یعنی معاشرے میں شامل ہوسکنے کےلئے پاسکنے والے قرضے حاصل کرسکنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔ انٹیگریشن لون یعنی معاشرے میں شامل ہوسکنے کےلئے دیئے جانے والا قرضہ Home Office ہوم آفس کی مدد کا ایک طریقہ ہے جو ابتدائی ایّام میں معاشرے میں رہ سکنے کے قابل ہونے کےلئے دیا جاتا ہے۔ یہ قرضہ ایسی سہولتوں اور کارروائیوں پر خرچ کیا جاسکتا ہے جو معاشرے کا حصہ بننے میں مدد دیں جیسے مثال کے طور پر:

- ووکیشنل ٹریننگ یعنی پیشہ ورانہ ٹریننگ کے حصول کےلئے، ایسے حالات میں جب جاب سینٹر پلس وسائل میّسر نہ کرسکتا ہو۔ آپ Job Centre جاب سینٹر کے ایڈوائزر یعنی مشیر سے اس سلسلے میں بات کریں۔
- رہائش گاہ کی کرایہ داری کا ڈپازٹ جمع کرانے کےلئے

- گھر کےلئے ضروری اشیاء خریدنے کےلئے، یا پھر
- کسی ہنر کےلئے ضروری آلات خریدنے کےلئے۔
- اگر آپ کا بینک کا اکاؤنٹ نہیں ہے تو پھر آپ زیادہ سے زیادہ صرف ساڑھے چار سو پاؤنڈ کے قرضے کےحصول کی درخواست دے سکتے ہیں۔اس لئے اگر آپ زیادہ قرضہ حاصل کرنے کی درخواست دینا چاہتے ہیں تو بینک اکاؤنٹ کا کھولنا لازمی ہے۔ قرضے کی واپسی باقاعدگی سے قسطوں میں Department of Work and Pensions ڈی ڈبلیو پی واپس لے گا۔ یہ یا تو براہِ راست آپ کو ملنے والے بینیفٹ سے کاٹ لیا جائے گا یا آپ کے بینک سے ڈائریکٹ ادائیگی کی قسطیں شروع کردی جائیں گی زیادہ تر مواقع پر آپ کو قرضہ دیئے جانے کے چھ ہفتے بعد اس کی قسطیں آپ سے لینی شروع کردی جائیں گی۔ قرضے کے حصول سے پہلے آپ کو قرضہ لینے کے معاہدے پر دستخط کرنے ہوں گے۔ نیشنل انشورنس نمبر کے بغیر آپ انٹیگریشن لون کا قرضہ لینے کی درخواست نہیں کرسکتے۔ اگر آپ نیشنل انشورنس نمبر کے بغیر درخواست دیں گے تو اسے نامکمل سمجھا جائے گا اور مسترد کر دیا جائے گا۔ مزید معلومات اس ویب سائٹ پر مل سکتی ہیں:https://www.gov.uk/refugee-integration-loan/overview

NASS 35 4A.6 ناس تھرٹی فائیو

اگر آپ Home Office ہوم آفس سے اسپورٹ لے رہے تھے تو آپ کو NASS 35 ناس تھرٹی فائیو بھی ملے گی یہ ایک A4 laminated اے فور سائز کی لمینیٹڈ یعنی ایسے کاغذ جس پر پلاسٹک چڑھا ہوگا دستاویز ہوگی جس میں آپ کی تصویر لگی ہوگی اور آپ کو ملنے والی مدد کی تفصیل بھی درج ہوگی یہ آپ کو Home Office Support Team ہوم آفس اسپورٹ ٹیم کی جانب سے بھیجا جائے گا۔ اس میں اس بات کی تصدیق ہوگی کہ آپ کو کیا اسپورٹ دی گئی اور یہ کہ وہ مدد کب ختم ہوجائے گی۔ جب آپ کو یا آپ کے وکیل کو آپ کے فیصلے کی اطلاع مل جائے گی تو اس کے ٹھیک اٹھائیس دن بعد Home Office ہوم آفس کی یہ مدد ختم کردی جائے گی ۔ اگر آپ کو NASS 35 ناس تھرٹی فائیو اپلائی کرنے کیلئے کسی قسم کی مدد درکار ہے تو برائے مہربانی اسائلم ہیلپ پر 0808 8000 646 سے رابطہ کریں۔

4A.7 میں اپنی اور اپنے گھرانے کی دیکھ بھال کیسے کروں؟

جب آپ کو فیصلہ مل جائے گا اس کے اٹھائیس دن بعد Home Office ہوم آفس پر آپ کی مدد کرنے کی ذمہ داری ختم ہوجاتی ہے۔ آپ کو Home Office ہوم آفس سے بھی خط مل جائے گا ، اور اگر رہائش کےلئے Home Office ہوم آفس آپ کی مدد کرہا ہے، تو آپ کو رہائش فراہم کرنے والوں کی جانب سے بھی آپ کو خط مل جائے گا، کہ آپ کی مدد ختم کردی جائے گی اور یہ بتایا جائے گا کہ کس تاریخ تک آپ نے رہائش گاہ کو خالی کرنا ہوگا۔ اس تاریخ تک آپ نے اپنی رہائش گاہ کو خالی کرنا ہوگا اور اپنی ساری املاک بھی وہاں سے لیجانا ہوں گی۔

Accomodation: England and Wales 4A.8

(اکاموڈیشن یعنی رہائش: انگلینڈ اور ویلز)
رہائش کی اولین فوقیت یعنی فوری عارضی رہائش۔ اگر آپ بے گھر ہیں تو آپ اپنے مقامی کاؤنسل سے مدد طلب کر سکتے ہیں۔ وہ کاؤنسل جہاں پر آپ رہ رہے تھے یہ اس کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ آپ کو مشورہ اور مدد فراہم کرے۔ آپ کے ذاتی حالات کے مطابق ممکن ہے انہیں آپ کےلئے رہائش مہیا کرنا پڑے۔

اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ اولین ضرورتمند ہوسکتے ہیں تو اس بات کا دارو مدار ان باتوں پر ہوسکتا ہے کہ۔ اگر آپ کے گھرانے میں بچے ہوں، یا کسی کو شدید ذہنی یا جسمانی بیماری ہو یا گھریلو تشدّد کا شکار ہونے کا خطرہ ہو تو ممکن ہے ہاؤسنگ یعنی رہائش گاہ کے محکمہ کےلئے ضروری ہو کہ آپ کےلئے رہائش فراہم کرے۔ آپ کو

بے گھر ہوجانے کی درخواست جمع کرانا ہوگی۔ مقامی کاؤنسل اس بات کا جائزہ لے گی اور دیکھے گی کہ کیا قانونی طور پر اس کا فرض ہے کہ آپ کو رہائش فراہم کرے۔ وہ یہ جائزہ لیں گے کہ کیا آپ بے گھر ہیں اور آپ کی ضرورت اولین فوقیت کی ہے یا آپ نے خود اپنی مرضی سے اپنے آپ کوبے گھر تو نہیں کر لیا اور اس علاقے سے آپ کا کیا تعلق ہے۔

اگر کاؤنسل کا جائزہ یہ بتائے کہ آپ کی ضرورت اولین فوقیت کی ہے تو وہ آپ کو فوری یا عارضی رہائش گاہ پیش کریں گے۔ فوری رہائش گاہ ممکن ہے محض بستر اور ناشتہ فراہم کرے جسے بیڈ اینڈ بریک فاسٹ یا B&B بی اینڈ بی کہتے ہیں یا یہ ہوسکتا ہے کہ کسی ہاسٹل میں یہ رہائش ہو۔ قانون کے مطابق حاملہ عورتوں اور بچوں والے گھرانوں کو بیڈ اینڈ بریک فاسٹ کی رہائش گاہ میں چھ ہفتے سے ذیادہ عرصے کےلئے نہیں رکھا جاسکتا۔ آپ ان سے ضرور مشورہ لیں

Shelter شیلٹر تنظیم سے وہ آپ کے رہائشی حقوق کے بارے میں آزاد اور غیر جانبدار رائے دے سکیں گے، ان سے آپ اس ٹیلیفون نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں:0800 800 4444

آپ کے علاقے میں بھی رہائش کے امور پر مشورہ دینے والا آزاد ادارہ ہوگاجس کے بارے میں آپ معلوم کرسکتے ہیں۔

اگر کوئی کاؤنسل یہ بات تسلیم کرلے کہ آپ بے گھر ہیں اور اس کی یہ ذمہ داری ہے کہ آپ کو رہائش فراہم کرے۔ تو ممکن ہے وہ آپ کو پیش کریں:

(i) Council Housing کاؤنسل ہاؤسنگ یعنی کاؤنسل کی رہائش گاہ

(ii) Housing Association Housing ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کی رہائش

(iii) لمبے عرصے کےلئے پرائیویٹ مالکان سے لئے گئے کرائے کے گھر۔

Council کاؤنسل بتائی گئی کسی بھی قسم کی رہائش گاہ پیش کرسکتی ہے۔ ایک مرتبہ جب وہ ایک مناسب رہائش گاہ پیش کردیتے ہیں تو اس کے بعد ان کا فرض ختم ہوجاتا ہے۔

اگر یہ سمجھیں کہ آپ کو دی جانے والی رہائش مناسب نہیں ہے تو اسے لینے سے انکار کرنے سےپہلے وکیل سے آزاد مشورہ کرلیں۔ اگر آپ کسی رہائش گاہ کو لینے سے انکار کردیں مگر یہ سمجھا جائے کہ وہ رہائش آپ کے لئے مناسب تھی تو کاؤنسل کو یہ حق ہےکہ آپ کے بارے میں ان کی جو ذمہ داری تھی وہ اسے ختم کردے۔ اگر انہون نے آپ کو فوری رہائش گاہ دی ہوئی ہے تو وہ اسے واپس لے سکتے ہیں کیونکہ پھر یہ سمجھا جائے گا کہ آپ خود اپنی مرضی سے بے گھر ہوگئے ہیں۔

ایک آزاد تنظیم جس کا نام Shelter شیلٹر ہے وہ اس ٹیلیفون نمبر پر رہائش کے بارے میں آپ کے حقوق کے بارے میں آپ کو مشورہ دے سکتی ہے:0800 800 4444

آپ کو اپنے علاقے سے بھی رہائش کے بارے میں آزاد اور غیر جانبدار رائے دینے کا سینٹر مل جائے گا۔

Private Accommodation پرائیویٹ مالکان سے کرایہ پر لی گئی رہائش

اگر یہ سمجھا جائے کہ آپ کی ضروریات اولین فوقیت کی حامل نہیں تو آپ کو پرائیوٹ مالکان سے کرایہ پر گھر لینے کے بارے میں سوچنا چاہئے۔

اگر آپ یہ سمجھیں کہ آپکی ضروریات اولین فوقیت کی حامل ہیں اور کاؤنسل کا فیصلہ درست نہیں تو ممکن ہے کہ آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل کرسکیں۔ ایسے حالات میں آپ کو آزاد ماہرینِ قانون سےمشورہ لینے کی ضرورت ہوگی۔

اگر آپ نے خود اپنی رہائش گاہ کرایہ پر لینا ہوئی تو اکثر مالکان ڈپازٹ اور پورے مہینے کا ایڈوانس کرایہ طلب کرتے ہیں۔ آپ کا مقامی ہاؤسنگ یعنی رہائش کا ادارہ آپ کو بتا سکے گا کہ آپ کے علاقے میں اس سلسلے میں مدد مل سکتی ہے یا نہیں۔ کیونکہ ہوسکتا ہے کہ مقامی طور پر بانڈ بھرانے یا ڈپازٹ جمع کرانے میں مدد کرنے کی اسکیم موجود ہو۔ ممکن ہے اس سلسلے میں مدد حاصل کرنے کےلئے آپ معاشرے میں شامل ہوسکنے کا قرضہ جسے انٹیگریشن لون کہتے ہیں لینے کی درخواست دے سکیں۔

Street Homeless اسٹریٹ ہوم لیس یعنی بے گھر ہو کر سڑک پر آجانا

اگر آپ بے گھر ہو کر سڑک پر آگئے تو آپ کے علاقے میں ایسی تنظیمیں موجود ہوں گی جو آپ کی مدد کر سکیں گی ۔ آپ کی مقامی کونسل ایسی مقامی تنظیموں اور/یا رات گزارنے کیلئے پناہ گاہیں تلاش کرنے میں مدد کر سکتی ہے جو ااپ کی اس معاملے میں مدد کر سکتے ہیں۔ اس امداد میں ایک رات سونے کیلئے ایک محفوظ جگہ، سلیپنگ بیگز یا گرم کھانا شامل ہیں۔

آپ بے گھر افراد کی مدد کی ایک تنظیم، جس کا نام SHELTER شلٹر ہے سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں وہ رہائش سے متعلقہ حقوق کے بارے میں آزاد مشورہ دے سکتے ہیں، ان کا ٹیلیفون نمبر ہے:0800 800 4444

آپ ان کی یہ سروسز حاصل کرسکیں گے:

Day Services ڈے سروسز سے آپ کو کھانا ، کپڑے اور نہانے کی سہولت مل سکتی ہے۔وہ آپ کو آزاد مشورہ بھی دے سکیں گے۔

Emergency Hostels ایمرجنسی ہاسٹل اور Night Shelters نائٹ شلٹر یعنی رات گزارنے کی پناہ گاہیں ۔ اگر آپ بالکل سڑک پر ہی آجائیں تو ممکن ہے وہ آپ کےلئے ایک دو رات گزارنے کا انتظام بھی کرسکیں۔

آپ STREET LINK اسٹریٹ لِنک سے بھی اس نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں:0300 500 0914 وہ آپ کو مشورہ فراہم کرسکیں گے۔

Accommodation: Scotland 4A.9

(اکاموڈیشن یعنی رہائش اسکاٹ لینڈ)

اگر آپ کے پاس رہنے کی کوئی جگہ نہیں ہو تو آپ اپنی Local Council's Housing Department مقامی کاؤنسل کے ہاؤسنگ ڈپارٹمنٹ سے مدد مانگ سکتے ہیں۔ جس کاؤنسل کے علاقے میں آپ رہتے ہیں قانونی طور پر اسے آپ کو مشورہ اور مدد دینی چاہیئے۔ اگر آپ بے گھر ہونے کی درخواست دیں تو آپ کو ناگہانی حالات کی بنا پر مدد دی جائے گی اور اسی دوران ہاؤسنگ یعنی رہائش کا محکمہ اس بات کا جائزہ لے گا کہ آپ کے حقوق کیا ہیں۔ اگر کاؤنسل کے اپنے علاقے میں رہائش نہ ہوئی تو وہ آپ کو اپنے علاقے سے باہر رہائش پیش کریں گے۔

اگر وہ یہ فیصلہ کریں کہ ان کا فرض ہے کہ آپ کی مدد کریں تو وہ آپ کو مستقل رہائش گاہ فراہم کریں گے۔ پھر جب تک آپ کو مستقل رہائش گاہ فراہم کی جائے اس وقت تک آپ عارضی رہائش گاہ میں مقیم رہ سکیں گے۔

اگر آپ کی مدد کرنا ان کے فرائض میں شامل نہ ہوئی تو آپ کو ناگہانی وجوہ کی رہائش میں اس وقت تک رہنا چاہیئے جب تک آپ مستقل رہائش نہ ڈھونڈ لیں۔ اگر کاؤنسل ناگہانی وجوہ کی بنا پر آپ کو فوری رہائش نہ دے، تو آپ کو چاہیئے کہ رہائش کے بارے میں معلومات دینے والی ایجنسی سے رابطہ کرکے مدد حاصل کریں۔

اگر آپ بے گھر ہوجائیں تو مدد کے حصول کے یہ طریقے ہوسکتے ہیں:

- ہاسٹل، رات گزارنے کی پناہ گاہیں جنہیں نائٹ شلٹر کہتے ہیں یا سردی سے بچنے کی پناہ گاہ جسے ونٹر شلٹر کہتے ہیں۔
- گھریلو تشدّد سے بچنے کی جگہیں یا عورتوں کی پناہ گاہیں جنہیں وومینز رفیوج کہتے ہیں۔
- بستر اور ناشتے کی جگہ یا ہوٹل

اس بارے میں مقامی کاؤنسل آپ کو مزید معلومات دے سکے گی مقامی ہاؤسنگ یعنی رہائش کی ایجنسی سے بھی آپ مدد لے سکیں گے۔ رہائش کے اخراجات کی ادائیگی میں مدد کےلئے آپ ہاؤسنگ بینیفٹ حاصل کرسکنے کی درخواست کرسکیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ رہائش کی کچھ جگہیں ذیادہ مہنگی ہوں اس لئے آپ کو جو ہاؤسنگ بینیفٹ ملے اس کے علاوہ بھی کرائے کی ادائیگی کےلئے اپنے پاس سے رقم ادا کرنا پڑے۔

ایک اہم نوٹ: اگر علاقے میں کوئی ہاسٹل یا رات گزارنے کے شلٹر ہوئے تو Local Housing Department ہاؤسنگ کا لوکل ڈپارٹمنٹ یا رہائش کے بارے میں مشورہ دینے والا سینٹر جسے Housing Advice Centre ہاؤسنگ ایڈوائس سنٹر کہتے ہیں آپ کو ان کے بارے میں بتا سکیں گے۔

رہائش کے بارے میں مزید معلومات کےلئے امدادی ادارے Shelter شلٹر سے اس ٹیلیفون نمبر پر رابطہ کریں:

0800 800 4444 وہ آپ کو آزاد مشورہ بھی دے سکیں گے اور مناسب سروسز کی جانب آپ کی رہنمائی بھی کرسکیں گے۔

Accommodation: Northern Ireland 4A.10

(اکاموڈیشن یعنی رہائش: ناردرن آئرلینڈ)
The Northern Ireland Executive ناردرن آئرلینڈ کے ہاؤسنگ اگزیکٹو جنہیں NIHE این آئی ایچ ای بھی کہتے ہیں کا قانونی فرض ہے کہ اگر آپ بے گھر ہوگئے ہیں تو آپ کو مدد اور مشورہ فراہم کرے۔

یہ ہر ایک کے ذاتی حالات پر منحصر ہوگا مگر ممکن ہے وہ آپ کو رہائش فراہم کرسکیں۔

آپ کو بے گھر ہونے کی درخواست دینا ہوگی NIHE این آئی ایچ ای اس بات کا جائزہ لیں گے کہ کیا ان پر آپ کو رہائش فراہم کرنے کی ذمّہ داری عائد ہوتی ہے۔ وہ یہ دیکھیں گے کہ کیا آپ واقعی بے گھر ہیں، پھر یہ کہ کیا آپ ممکن ہے کہ وہ آپ کو عارضی رہائش فراہم کردیں اور اس دوران آپ کے حالات کا جائزہ لیں۔

اگر یہ سمجھا گیا کہ آپ کی ضرورت اولین فوقیت کی ہے تو یہ ان وجوہات کی بنا پر ہوگا: اگر آپ کے گھرانے میں بچے ہیں، کسی کو ذہنی یا جسمانی طور پر کوئی شدید بیماری ہوئی، یا پھر Domestic Violence ڈومیسٹک وائلنس یعنی گھریلو تشدد کا خطرہ ہو یا اسی طرح کے کسی دوسرے معیار پر پورے اترتے ہوں تو NIHE این آئی ایچ ای کے لئے لازمی ہے کہ وہ آپ کےلئے مناسب رہائش کا انتظام کریں۔ کم از کم دو سال کےلئے یہ مہیا کی جانی چاہیئے۔ ان کےلئے لازمی نہیں کہ وہ آپ کو مستقل رہائش فراہم کریں۔ مزید معلومات کے حصول کےلئے NIHE این آئی ایچ ای سے اس ٹیلیفون نمبر پر رابطہ کریں: 03448 920 920

Housing Benefit, Local Housing Allowance & Council Tax Benefit 4A.11

(ہاؤسنگ بینیفٹ،لوکل ہاؤسنگ الاؤنس، اور کاؤنسل ٹیکس بینیفٹ)
اگر آپ کی آمدنی کم ہے یا فلاحی بینیفٹ پر گزارہ کر رہے ہیں تو ممکن ہے کہ رہائش کا کرایہ مکمل طور پر یا جزوی طور پر ادا کرسکنے کےلئے آپ ہاؤسنگ بینیفٹ یا مقامی ہاؤسنگ الاؤنس حاصل کرسکیں۔ اس کے حصول کے لئے آپ کو کاؤنسل کو درخواست دینا ہوگی ممکن ہے کہ آپ کاؤنسل کا ٹیکس ادا کرسکنے کےلئے بھی مدد کی درخواست کرسکیں۔ عموماً ہاؤسنگ بینیفٹ اور کاؤنسل ٹیکس بینیفٹ دونوں کے حصول کےلئے ایک ہی فارم ہوتا ہے۔

Welfare Benefits 4A.12

(فلاحی وظیفے جنہیں ویلفیئر بینیفٹ کہتے ہیں)
Universal Credit یونیورسل کریڈٹ

گورنمنٹ آہستہ آہستہ ایک نئی واحد ادائیگی کا سسٹم متعارف کروا رہی ہے جسے Universal Credit یونیورسل کریڈٹ کہتے ہیں جو کہ ایسے لوگوں کیلئے ہے جو کہ یا تو کام ڈھونڈ رہے ہیں یا پھر جن کی آمدن کم ہے۔ یہ مختلف قسم کے بینیفٹس کو اکٹھا کرکے ایک ادائیگی کی شکل میں لے آئے گا جس میں جاب سیکرز الاؤنس اور ہاؤسنگ بینیفٹ شامل ہیں۔

Universal Credit یونیورسل کریڈٹ کو مرحلہ وار متعارف کروایا جا رہا ہے۔ یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آیا آپ کسی ایسے علاقے میں رہتے ہیں یا نہیں جہاں آپ Universal Credit یونیورسل کریڈٹ کیلئے مطالبہ کر سکتے ہیں، وزٹ کریں: www.gov.uk/universal-credit

آپ Universal Credit یونیورسل کریڈٹ کیلئے یہاں پر آن لائن اپلائی کر سکتے ہیں:
www.gov.uk/universal-credit

اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوالات ہیں تو آپ Universal Credit یونیورسل کریڈٹ کی ہیلپ لائن: 03456000723 پر رابطہ کر سکتے ہیں)ہو سکتا ہے کال کرنے کی قیمت ادا کرنی پڑے۔

اگر آپ Universal Credit یونیورسل کریڈٹکیلئے اپلائی نہیں کر سکتے تو ، اگر آپ مستحق ہیں تو، آپ درج ذیل دئیے گئے بینیفٹس اپلائی کر سکتے ہیں۔

Job Seekers Allowance جاب سیکرز الاؤنس جو کہ JSA جے ایس اے بھی کہلاتا ہے۔

یہ بینیفٹ ان لوگوں کےلئے ہوتا ہے جو اس وقت ملازمت کی تلاش میں ہوں یا عموماً ہفتے میں سولہ گھنٹے سے کم کام کرتے ہوں۔

آپ کو ملازمت کےمتلاشی افراد کا معاہدہ مکمل کرنا ہوگا یا پھر نئے شخص کے عہد کا فارم بھرنا ہوگا۔ اس میں طے کیا جاتا ہے کہ ملازمت کی تلاش کےلئے آپ کو کون سی کوششیں لازمی کرنا ہوں گی اس میں کہا جائے گا کہ مدد لیتے رہنے کےلئے لازمی ہوگا کہ ملازمت کے حصول کےلئے آپ ہر ممکنہ کوشش کریں گے۔

آپ Job Seekers Allowance جاب سیکرز الاؤنس جسے JSA جے ایس اے کہتے ہیں کے حصول کے دوران

ملازمت کی تلاش کی تمام کوششوں کا ریکارڈ رکھیں گے۔ اگر آپ اپنے عہد کو پورا نہ کریں تو ممکن ہے کہ جاب سینٹر آپ کے بینیفٹ کو ملتوی یا ختم کردے۔

ممکن ہے کہ جاب سینٹر جو ٹریننگ کورس کراتا ہے آپ ان میں داخل ہوسکیں۔ اس میں English Classes انگلش کی کلاسیں ہوسکتی ہیں جو ESOL ایسول کہلاتی ہیں۔ آپ کو جاب سنٹر سے اس سلسلے میں بات کرنی چاہیئے۔

انکم اسپورٹ Income Support

Income Support انکم اسپورٹ اس گروہ کے افراد کو دیا جاتا ہے جن کے پاس گزارہ کرسکنے کےلئے کافی رقم نہیں ہوتی یہ آپ کے حالات کو دیکھ کر دیا جاتا ہے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ کو یہ مدد دینے کا فیصلہ کرتے وقت آپ کے پاس جو بھی رقم ہو اسے دیکھ کر فیصلہ کیا جائے گا کہ آپ کتنی Income Support انکم اسپورٹ کے حقدار ہیں۔

England, Scotland and Wales انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ اور ویلز

Income Support انکم اسپورٹ حاصل کرنے کےلئے لازمی ہے کہ آپ ان تمام معیاروں پر پورے اُترتے ہوں:

- سولہ سال کی عمر سے لے کر Pension Credit پنشن کریڈٹ لے سکنے کی عمر کے درمیان ہوں۔
- حاملہ ہوں یا کسی کی دیکھ بھال کر رہے ہوں؛ اکیلی ماں یا اکیلے باپ ہوں جن کا بچہ پانچ سال سے کم عمر کا ہو یا بعض اوقات بیماری یا ملازمت کی بنا پر کام نہ کرسکتے ہوں۔
- آپ کی کوئی آمدنی نہ ہو یا کم آمدنی ہو۔
- آپ ہفتے میں سولہ گھنٹے سے کم کام کررہے ہوں اور آپ کے شریکِ حیات ہفتے میں چوبیس گھنٹے سے ذیادہ کام نہ کررہے ہوں۔

Northern Ireland (ناردرن آئرلینڈ)

Northern Ireland (ناردرن آئرلینڈ) میں Income Support انکم اسپورٹ حاصل کرنے کےلئے لازمی ہے کہ آپ ان تمام معیاروں پر پورے اُترتے ہوں:

- سولہ سال کی عمر سے لے کر Pension Credit پنشن کریڈٹ لے سکنے کی عمر کے درمیاں ہوں۔
- آپ کی آمدنی کم ہو
- ہفتے میں سولہ گھنٹے سے کم کام کرتے ہوں اور یہ آپ کی تنخواہ پر منحصر ہوگا۔
- کل وقتی تعلیم حاصل نہ کررہے ہوں گو کہ چند استثنا ہوسکتے ہیں۔
- Job Seekers Allowance and Employment Support Allowance جاب سیکرز الاؤنس اور امپلائمنٹ اینڈ اسپورٹ الاؤنس نہ لے رہے ہوں۔
- آپ کے پاس سولہ ہزار پاؤنڈ (16000) سےزیادہ کی بچت نہ ہو۔
- Northern Ireland ناردرن آئرلینڈ میں رہ رہے ہوں

یا

- تنہا ماں یا تنہا باپ ہوں
- یا نوزائیدہ بچے کے والد یا والدہ ہونے کی چھٹی پر ہوں
- کسی کی دیکھ بھال کرنے والے یعنی کیئرر ہوں
- پناہ گزیں ہوں جو English انگلش سیکھ رہا ہو یا اسے آئے ایک سال سے کم کا عرصہ ہوا ہو۔

Employment Support Allowance امپلائمنٹ اسپورٹ الاؤنس جسے ESA ای ایس اے بھی کہتے ہیں۔

یہ رقم ان لوگوں کو ملتی ہے جو بیمار یا معذور ہوں اور کام کرسکنے کے قابل نہ ہوں، یا جو کام وہ کرسکتے ہوں محدود ہوں۔ جب آپ کو الاؤنس مل رہا ہوگاجاب سینٹر آپ کےلئے ایک خصوصی ٹریننگ کا حامل مشیر مقرر کرے گا۔ ممکن ہے وہ آپ کو مزید وسیع سروسز پیش کرسکیں جو آپ کی مدد کےلئے تیار کی جاتی ہیں اور جن کے ذریعے آپ مناسب کام شروع کرسکیں۔

ممکن ہے کہ Job Centre جاب سینٹر آپ سے ایک سوالنامہ مکمل کرائے یا آپ کو بلا کر آپ کی ملازمت کر سکنے کی صلاحیتوں کا جائزہ لے۔ وہ اس بات کا جائزہ بھی لیں گے کہ کیا آپ خودملازمت تلاش کر سکنے کےلئے اقدامات اُٹھا سکتے ہیں، یا یہ کہ آپ کی بیماری یا معذوری نے اس حد تک آپ کی ملازمت کرسکنے کی صلاحیت کو متاثر کردیا ہے کہ ان اقدامات کا کوئی فائدہ نہیں۔

ممکن ہے کہ اس سلسلے میں آپ کا جائزہ لینے کےلئے آپ کو بلایا جائے اور آپ سے کہا جائے کہ ڈاکٹر یا نرس کو ملیں تاکہ وہ آپ کا جائزہ مکمل کرسکیں جو کہ DWP ڈی ڈبلیو پی کے محکمے کو بھیجا جائے گا۔ اس سے اس بات کی تصدیق ہوگی کہ آپ کی بیماری یا معذوری نے کس حد تک آپ کی ملازمت کرسکنے کی صلاحیت کو متاثرکر رکھا ہے یعنی آپ کتنے وقت کےلئے اور کس قسم کا کام کرسکتے ہیں اور یہ کہ کیا آپ Employment and Support Allowance امپلائمنٹ اینڈ اسپورٹ الاؤنس حاصل کرنے کے معیار پر پورے اترتے ہیں۔

ESA ای ایس اے دو قسم کا ہوتا ہے۔

Work-Related Activity Group ورک ریلیٹڈ ایکٹیویٹی گروپ یعنی ملازمت سے متعلق سرگرمیوں کا گروپ یہ تب ملتا ہے اگر DWP ڈی ڈبلیو پی کا محکمہ یہ سمجھے کہ مستقبل میں آپ کام کرسکنے کے قابل ہوسکیں گے۔ Job Centre جاب سینٹر آپ سے یہ امید رکھے گا کہ ملازمت کرسکنے سے متعلقہ کسی بھی انٹرویو کے لئے اگر آپ کو بلایا جائے تو آپ اس کےلئے حاضر ہوں گے اور ممکن ہے کہ وہ چاہیں کہ آپ ملازمت حاصل کرسکنے سے متعلقہ سرگرمیوں میں بھی شامل ہوں ورنہ ممکن ہے کہ وہ آپ کے بینیفٹ کو کم کردیں۔

Support Group اسپورٹ گروپ اس کا مطلب یہ ہے کہ DWP ڈی ڈبلیو پی کے محکمے نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آپ کی حالت نے آپ کی ملازمت کرسکنے کی صلاحیت کو محدود کردیا ہے۔ اگر آپ چاہیں تو آپ ملازمت سے متعلقہ انٹرویو ز اور ملازمت سے متعلقہ سرگرمیوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔

Child Benefit چائلڈ بینیفٹ یعنی بچوں کےلئے ملنے والا وظیفہ

ممکن ہے کہ ان صورتوں میں آپ کو Child Benefit چائلڈ بینیفٹ مل سکے:

- اگر بچے کی عمر سولہ سال سے کم ہو

• سولہ سال سے بڑا ہو مگر بیس سال سے کم ہو اور کوئی ایسی تعلیم یا ٹریننگ لے رہا ہو جسے حاصل کرتے وقت Child Benefit چائلڈ بینیفٹ مل سکتا ہے۔

• اٹھارہ سال سے کم ہو اور حال ہی میں اس نے تعلیم ختم کی ہو۔ لیکن اس نے کام کرسکنے، تعلیم یا ٹریننگ حاصل کرنے کےلئے اپنے آپ کو پیشوں کے مشورے کی سروس ، Connexions کنکشن مقامی حکومت کی امدادی سروسز، Ministry of Defence منسٹری آف ڈیفنس یا ایسے ہی کسی ادارے کے ساتھ رجسٹر کیا ہو۔

اگر Child Benefit چائلڈ بینیفٹ کے بارے میں آپ مزید معلوم کرنا چاہیں تو اس نمبر پر ٹیلیفون کریں:
0300 200 3103

Child Tax Credit چائلڈ ٹیکس کریڈٹ
جن افراد کی آمدنی کم ہو یا وہ جو دوسرے فلاحی بینیفٹ لے رہے ہوں انہیں Child Tax Credit چائلڈ ٹیکس کریڈٹ مل سکتا ہے۔

• سولہ سال سے کم عمر بچوں کےلئے۔ آپ ان کی سولہویں سالگرہ کے بعد 31 اکتیس August تک یہ بینیفٹ کلیم کرسکتے ہیں۔

• بیس سال سے کم عمر بچے اگر تسلیم کردہ تعلیم یا ٹریننگ حاصل کررہے ہوں تو آپ ان کےلئے بھی کلیم کرسکتے ہیں۔

بچے کےلئے ذمّہ داری

عموماً آپ بچوں کے ذمہ دار اس وقت ہوتے ہیں جب وہ :

• کل وقتی آپ کے ساتھ رہتے ہوں؛

• عموماً آپ کے ساتھ رہتے ہوں اور ان کی دیکھ بھال کی ذمہ داری اپ پر عائد ہوتی ہو۔

• یورپ میں رہتے ہوں مگر مالی طور پر ان کا انحصار آپ پر ہو۔

اگر بچہ معذور ہو

بعض صورتوں میں ممکن ہے کہ آپ کو زائد Child Tax Credit چائلڈ ٹیکس کریڈٹ مل سکتے ہوں جیسے:

• اگر بچے کو معذوری کی بنا پر اضافی بینیفٹ ملتے ہوں؛

• بچہ رجسٹرڈ شدہ نابینا ہو یا ٹیکس کریڈٹ کا کلیم شروع کرنے کے بعد اٹھائیس ہفتوں کے اندر نابینا رجسٹرڈ ہو گیا ہو۔

آپ Job Centre جاب سینٹر سے اس نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں:
ٹیلیفون: 6688 055 0800 /ٹیکسٹ فون:4888 023 0800
اگر آپ گھر کے ٹیلیفون سے فون کریں تو یہ ٹیلیفون مفت ہوں گے لیکن اگر آپ موبائل نمبر سے فون کریں تو ممکن ہے کہ مفت نہ ہوں۔ Job Centre جاب سینٹر کے دفتر کے پاس مفت ٹیلیفون کی لائنیں ہیں جو آپ استعمال کر سکتے ہیں۔ ممکن ہے بعض درخواستیں آپ انٹرنیٹ کے ذریعے آن لائن مکمل کرسکیں۔

Child Tax Benefit چائلڈ ٹیکس کریڈٹ کے بارے میں آپ اس ٹیلیفون نمبر سے معلومات حاصل کرسکتے ہیں:0345 300 3900 یا وہ لوگ جو سن نہیں سکتے یا انہیں پورا سنائی نہیں دیتا یا پورا دکھائی نہیں دیتا وہ اس نمبر سےرابطہ کرسکتے ہیں: 0345 300 3909

پنشن کریڈٹ Pension Credits

Pension Credits پنشن کریڈٹ کا حقدار ہونے کے لئے یہ باتیں لازمی ہیں:

- آپ United Kingdom یونائیٹڈ کنگڈم یعنی یو-کے میں رہتے ہوں؛
- آپ یا آپ کے شریکِ حیات Pension Credits پنشن کریڈٹ مل سکنے کی عمر کو پہنچ چکے ہوں-

Pension Credits پنشن ٹیکس کریڈٹ حاصل کرسکنے کی عمر کو بتدریج آگے چھیاسٹھ سال کی عمر تک بڑھایا جارہا ہے- یہ اس کے ساتھ میل کھاتا ہے کہ مردوں کی قومی پنشن کی عمر کو اب چھیاسٹھ سال کردیا گیا ہے، عورتوں کی قومی پنشن کی عمر کو پینسٹھ سال تک بڑھایا جارہا ہے اور پھر مردوں اور عورتوں دونوں کی قومی پنشن کی عمر چھیاسٹھ سال تک بڑھادی جائے گی

Pension Credits پنشن کریڈٹ کلیم کرنے کی ٹیلیفون لائن کا نمبر ہے:
ٹیلیفون : 0800 99 1234
ٹیکسٹ فون:0800 169 0133
پیر سے جمعے تک کے دنوں میں صبح آٹھ بجے سے لے کر شام چھ بجے تک دفتر کھلے ہوتے ہیں

Other Benefits 4A.13 (دیگر بینیفٹس)

اگر آپ بیمار ہوں، گھرانے میں کوئی شخص معذور ہو، یا آپ کسی کی دیکھ بھال کر رہے ہوں، یا کوئی آپ کی دیکھ بھال کرہا ہو نیز اگر آپ انتہائی بڑھاپے کی عمر کو پہنچ چکے ہوں تو ممکن ہے کہ آپ کسی دوسرے بینیفٹ کے حصول کی بھی درخواست دے سکتے ہیں-

آپ اپنے مقامی Job Centre جاب سنٹر سے رابطہ کرسکتے ہیں یا اپنے علاقے کے بینیفٹ کے ماہر سے مشورہ لے سکتے ہیں- شہریوں کو مشورہ دینے کےلئے آپ کا مقامی Citizen Advice Bureau سٹیزن ایڈوائس بیورو بھی آپ کی مدد کرسکے گا-

http://www.adviceguide.org.uk

Working Tax Credits 4A.14 (ورکنگ ٹیکس کریڈٹ)

اگر آپ کام تو کر رہے ہیں مگر آپ کی آمدنی کم ہے تو بھی ممکن ہے کہ آپ ورکنگ ٹیکس کریڈٹ کے حصول کی درخواست دے سکتے ہیں-

اس بینیفٹ کے حصول کے معیار پر پورا اترنے کےلئے لازمی ہے کہ آپ ہفتے میں مقرر کردہ گھنٹے کام کررہے ہوں-

اگر آپ کی عمر پچیس سال سے انسٹھ سال کے درمیان ہے تو لازمی ہے کہ آپ ہفتے میں کم از کم تیس گھنٹے کام کررہے ہوں-

اگر آپ کی عمر ساٹھ سال یا اس سے زیادہ ہو تو لازمی ہے کہ آپ ہفتے میں کم از کم سولہ گھنٹے کام کررہے ہوں۔

اگر کوئی معذور شخص ہوتو لازمی ہے کہ ہفتے میں کم از کم سولہ گھنٹے کام کررہا ہو۔

اگر بچوں کے ساتھ تنہا والد یا والدہ ہوں تو لازمی ہے کہ ہفتے میں کم از کم سولہ گھنٹے کام کررہے ہوں۔

اگر دونوں والدین ساتھ رہتے ہیں اور ان کا ایک یا ایک سے زیادہ بچے ہوں تو عموماً لازمی ہے کہ ہفتے میں * چوبیس گھنٹے کام کررہے ہوں اور دونوں میں سے ایک کم از کم ہفتے میں سولہ گھنٹے کام کر رہا ہو۔

مزید معلومات کے حصول کے لئے اس ٹیلیفون نمبر پر فون کریں:

Tax Credits Helpline ٹیکس کریڈٹ ہیلپ لائن
ٹیلیفون : 0345 300 3900
ٹیکسٹ فون: 0345 300 3900

Benefit Caps 4A.15 (بینیفٹ کیپ یعنی بینیفٹ کی حد)

بینیفٹ کیپ کا مطلب وہ حد ہے جہاں تک کسی تنہا فرد کو یا گھرانے کو فلاحی بینیفٹس کا ذیادہ سے ذیادہ رقم ادا کی جاسکتی ہے۔

- بچوں کے ساتھ تنہا والد، والدہ یا دونوں والدین کو ہفتے میں پانچ سو پاؤنڈ کی حد ہے۔
- تنہا افراد کے لئے ہفتے کی حد ساڑھے تین سو پاؤنڈ ہے۔

اس انتہا سے بڑھنے سے بچاؤ کے لئے ہاؤسنگ بینیفٹ کو کم کردیا جائے گا۔

یہ حد اس صورت میں لگائی جاتی ہے اگر آپ کام نہ کر رہے ہوں اور انکم اسپورٹ، امپلائمنٹ اینڈ اسپورٹ الاؤنس جاب سیکرز الاؤنس جیسے بینیفٹ لے رہے ہوں۔ بینیفٹ کی ادائیگی کی حد میں ہاؤسنگ بینیفٹ کو بھی شمار کیا جاتا ہے اس لئے جو لوگ ذیادہ کرایہ ادا کر رہے ہیں ان پر اس کا اثر پڑے گا۔ اگر آپ یا آپ کے گھرانے کا کوئی شخص بعض خصوصی بینیفٹ لے رہے ہوں تو اس حد کا آپ پر اثر نہیں پڑے گا۔ یعنی بعض حالات میں اس پر عمل نہیں ہوگا۔

Working in the UK 4A.16 (یو-کے میں کام کا کرنا)

ایک مرتبہ جب آپ کو آپ کا Biometric بائیو میٹرک کارڈ مل گیا تو آپ کو کام کرنے کی آزادی مل جائے گی UK یو-کے میں قومی کم از کم تنخواہ کی حد مقّرر ہے۔ اس لئے خیال رکھیں کہ آپ کو ملازمت دینے والے اسی حد کے مطابق تنخواہ دیں۔

ایک اہم نوٹ: اگر تنخواہ کے بارے میں کوئی جھگڑا ہو، یا کوئی غیر قانونی کام ہورہے ہوں تو شہریوں کو مشورہ دینے آپ کے نزدیک ترین سٹیزن ایڈوائس بیورو کا دفتر کہاں ہے اس کا پتہ ان کی اس ویب سائیٹ سے کرسکتے ہیں www.citizensadvice.co.uk

کام ڈھونڈ رہے ہیں
اگر آپ کام ڈھونڈ رہے ہیں تو اپنے مقامی Job Centre جاب سینٹر جاسکتے ہیں جہاں سے آپ کو اپنے لئے مناسب بہت سی ملازمتوں کی تفصیل مل سکتی ہے۔

آپ کے علاقے میں ملازمت فراہم کرنے والی کئی ایجنسیاں بھی کاموں کے اشتہار دے رہی ہوں گی

کئی مقامی اور قومی اخباروں میں بھی ملازمتوں کے اشتہار ہوتے ہیں۔ یہ بات بہت اہم ہے کہ آپ یہ بات چیک کر لیں کہ آپ کا آجر معزز ہے اور کم سے کم تنخواہ کی جو حد مقرر ہے ضرور دیتا ہے۔

Applying for Employment امپلائمنٹ یعنی ملازمت کےلئے اپلائی کرنا

آجر یہ واضح کریں گے کہ آپ کو ملازمت کی درخواست کیسے دینا ہوگی چند طریقے ہیں جو وہ کہہ سکتے ہیں:

1) CV جو کہ آپ کے ہنر اور تجربے کا مختصر بیان ہوگا اسے CV سی وی کہا جاتا ہے۔ ممکن ہے کہ آجر آ پ سے آپ کی سی وی مانگے۔ CV اس سے آپ کے تجربے اور تعلیم و ہنر کے بارے میں عمومی طور پر پتہ چلتا ہے۔ اس میں آپ کو اپنے بارے میں ذاتی معلومات دینا ہوں گی جیسے ، تعلیم، تجربہ وغیرہ، ملازمتوں اور رضاکارانہ کئے گئے کاموں کے بارے میں بتانا ہوگا۔ ممکن ہے آپ کا علاقائی Job Centre جاب سینٹر اس سلسلے میں مدد دے سکے۔

2) Job Application Form جاب اپلیکیشن فارم ۔ اکثر آجر آپ سے کہیں گے کہ آپ ملازمت کا اپلیکیشن فارم بھریں۔ آپ کو ممکنہ آجر کو ٹیلیفون کر کے اپنا پتہ بتانا پڑے گا تاکہ وہ اس پتے پر ملازمت کےلئے اپلیکیشن فارم بھیج دیں۔ وہ آپ کو جو پیک بھیجیں گے اس میں ملازمت کے بارے میں مزید معلومات ہوں گی ملازمت کی تفصیل سے یہ پتہ چل سکے گا کہ آجر اس قسم کے ہنر اور قابلیت کو تلاش کر رہا ہے۔ جب آپ ملازمت کی درخواست دیں تو یہ بات اہم ہوگی کہ آپ ان کی بیان کردہ قابلیت اور ہنر کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو پیش کر سکیں۔

3) انٹرویو ہوسکتا ہے یعنی ایک مرتبہ جب آجر آپ کی درخواست پر غور کرلے گا تو ممکن ہے وہ آپ کو انٹرویو کے لئے بلائے تاکہ آپ کی صلاحیت کا مزید جائزہ لے سکے۔ انٹرویو لینے والا ایک شخص ہوسکتا ہے یا پورا پینل ہوسکتا ہے۔ممکن ہے وہ آپ کے اپلیکیشن فارم سے متعلق، آپ کے تجربے کے بارے میں، آپ کی صلاحیتوں کے بارے میں اور اس بارے میں کہ آپ یہ ملازمت کیوں کرنا چاہتے ہیں سوالات کریں۔ یہ بہتر ہوگا کہ جس کمپنی میں آپ ملازمت کرنا چاہ رہے ہیں انٹرویو سے پہلے اس کے بارے میں معلومات حاصل کر لیں اور آپ جو ملازمت حاصل کرنے کا سوچ رہے ہیں اسے اچھی طرح سمجھ لیں۔ آپ سوچیں کہ آپ سے کس قسم کے سوالات پوچھے جاسکتے ہیں اور آپ ان کے کیا جواب دیں گے۔

ملازمت کے حصول میں کامیاب ہوگئے؟
تو آپ کا آجر ملازمت کے شروع ہونے سے پہلے آپ سے اس بات کا ثبوت طلب کرے گا کہ آپ کو ملازمت کرسکنے کی اجازت ہے۔ اس کا ثبوت آپ اپنا Biometric Card بائیو میٹرک کارڈ دکھا کر دے سکیں گے۔ آپ کو اپنا National Insurance Number نیشنل انشورنس نمبر بھی دینا ہوگا لیکن کام شروع کرنے سے پہلے یہ بات لازمی نہیں کہ آپ کے پاس نیشنل انشورنس نمبر موجود ہو۔ آپ کی تنخواہ میں سے خود بخود نیشنل انشورنس اور لازمی نہیں کہ آپ کے پاس نیشنل انشورنس نمبر موجود ہو۔ آپ کی تنخواہ میں سے خود بخود نیشنل انشورنس اور ٹیکس کٹنا چاہیئے۔ اگر آپ کے پاس ایک سے ذیادہ ملازمتیں ہوں تو آپ اپنے آجر اور ٹیکس کے دفتر کو یہ اطلاع دیں تاکہ وہ آپ کا ٹیکس کوڈ بدل دیں اور یہ نہ ہو کہ آپ حساب سے کم ٹیکس ادا کر رہے ہوں۔

اپنا کاروبار یا چھوٹا بزنس
ممکن ہے آپ اپنا کاروبار یا بزنس شروع کرنا چاہیں۔ اکثر افراد کامیابی سے ایسا کرلیتے ہیں۔ ایسا کرسکنے میں مدد کے حصول کےلئے ممکن ہے آپ قرضے یا گرانٹ کے لئے درخواست دینے کے حقدار ہوں۔ ممکن ہے آپ شہریوں کو مشورہ دینے کے دفتر، Citizen Advice Bureau سٹیزن ایڈوائس بیورو کے ہاں جاکر معلوم کرنا چاہیں کہ کس قسم کی امداد موجود ہے۔ آپ کو اس کےلئے ٹیکس کے دفتر کو بھی فون کرکے اپنے ٹیکس اور نیشنل انشورنس کی بات کرنا ہوگی۔

Transferring Qualifications ٹرانسفرنگ کوالیفیکیشنز
اگر آپ کے پاس کوئی ایسی اسناد ہیں جنھیں UK یو-کے میں تسلیم نہیں کیا جاتا تو ممکن ہے یہ دفتر اس سلسلے میں آپ کی مدد کرسکیں:
NARIC Free Advice نارِک فری ایڈوائس:

اگر آپ پناہ گزیں ہیں تو اس ٹیلیفون نمبر پر رابطہ کرکے آپ ان سے مفت مشورہ لے سکتے ہیں:
0870 990 4088

4A.17 Rights to British Citizenship (رائٹس ٹو برٹش سٹیزن شپ یعنی برطانوی شہریّت حاصل کرسکنے کا حق)

یہ درخواست دینے سے پہلے آپ کو سات شرائط پر پورا اترنا ہوگا۔

- آپ کی عمر اٹھارہ سال یا اس سے ذیادہ ہو
- آپ کا دماغ ٹھیک ہو یعنی آپ کو اپنے عمل کا مکمل ادراک ہو۔
- آپ کا یہ ارادہ ہو کہ آپ نے UK یو-کے میں ہی اپنی رہائش رکھنی ہے، یا Crown کراؤن سروس کے تحت رہنا ہے، یا کسی ایسی بین الاقوامی تنظیم کے تحت رہنا ہے جس کا UK یو-کے بھی ممبر ہے۔ یا کسی ایسی کمپنی یا ایسوسی ایشن کے تحت رہنا ہے جو کہ UK یو-کے میں قائم ہوئی تھی۔
- یہ لازمی ہے کہ آپ English انگلش زبان، Welsh ویلش زبان یا Scottish Gaelic اسکاٹش گیلک زبان میں قابلِ قبول حد تک عبور رکھتے ہوں۔
- UK یو-کے میں رہائش کے بارے میں آپ کافی معلومات رکھتے ہوں
- آپ کے کردار کا اچھا ہونا لازمی ہے۔
- رہائشی ہونے کی شرائط پوری کرتے ہوں جس کےلئے یہ امور لازمی ہیں۔

امیگریشن نے British Citizenship برٹش سٹیزن شپ یعنی برطانوی شہریت کے حصول کےلئے وقت کی جو شرائط عائد کی ہیں۔

جب آپ نیچر لائزیشن یعنی وہ طریقِ کار جس کے تحت کسی غیر ملکی کو برطانوی شہریّت دی جاتی ہے، کی درخواست دیں تو امیگریشن نے وقت کی جو قید لگائی ہے وہ ختم ہوچکی ہو۔ رہائشی ہونے کے حق کے آخری بارہ مہینوں میں آپ پر امیگریشن نے وقت کی جو قید لگائی تھی وہ ختم ہوچکی ہو۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جب آپ کو غیر معینہ مدّت کی رہائش کی اجازت دی گئی اس کے بارہ مہینے کے بعد آپ یہ درخواست دے سکتے ہیں۔

رہائشی ہونے کے حق کے تمام وقت میں آپ UK میں ہی مقیم رہے ہوں۔ اگر اس دوران آپ نے امیگریشن کے

کسی قانون کو توڑا ہو تو ممکن ہے آپ کی شہریت کی درخواست مسترد کردی جائے۔ اس سلسلے میں بعض اوقات خصوصی چھوٹ مل سکتی ہے اس کا دارومدار اس بات پر ہوگا کہ کن عوامل کے تحت یہ قانون توڑا گیا۔

UK یو-کے سے باہر گزارے جانے والا وقت

درخواست دینے سے پچھلے پانچ سالوں میں آپ نے چار سو پچاس دنوں سے زائد دن UK یو-کے سے باہر نہ گزارے ہوں۔

درخواست دینے سے پچھلے بارہ مہینوں میں آپ نے نوّے دنوں سے زائد دن UK یو-کے سے باہر نہ گزارے ہوں۔

اگر رہائش کی یہ شرط تو آپ نے پوری نہ کی ہوں مگر آپ یہ سوچیں کہ آپ کے کیس کی بعض خصوصی وجوہ تھیں تو درخواست دیتے ہوئے انہیں بیان کریں۔

اچھا کردار

اچھے کردار کا ہونا ثابت کرنے کےلئے لازمی ہے کہ آپ یہ ثابت کرسکیں کہ آپ نے UK یو-کے کے قوانین اور پابندیوں پر عمل کیا ہے۔

اگر آپ پر کوئی فردِ جرم عائد ہوئی ہو تو آپ کو اچھے کردار کا مالک نہیں سمجھا جائے گا۔ ان میں قید کی سزا، کمیونٹی سروس اور جرمانے شامل ہیں۔ جب تک یہ سزائیں آپ کاٹ نہ لیں آپ کو شہریت ملنے کی امید نہیں ہوگی اس کا مطلب ہے کہ سزا کے بعد وقت کا وہ دورانیہ جس کے بعد یہ سزائیں آپ کے ریکارڈ سے ہٹا دی جاتی ہیں۔ یہ دورانیہ تین سے پندرہ سال تک کا ہوسکتا ہے۔ جسے چار سال یا اس سے زیادہ عرصے کی سزا ہوئی ہو اس کےلئے یہ امید نہیں ہوتی کہ Home Office ہوم آفس اسے شہریت دے گا۔

British Citizenship for Children بچوں کی برٹش سٹیزن شپ یعنی برطانوی شہریت

اگر آپ کو حال ہی میں Indefinite Leave to Remain/Stay غیر معینہ مدت کی رہائش کی اجازت جسے آئی ایل آر بھی کہتے ہیں ، ملی ہے اوریہ ملنے سے پہلے آپ کا UK یو-کے میں کوئی بچہ پیدا ہوا تھا تو آپ اپنے بچے کو British برٹش شہری کے طور پر رجسٹر کراسکتے ہیں۔

اگر Indefinite Leave to Remain غیر معینہ عرصے کےلئے رہائش کا حق ملنے کے بعد بچہ پیدا ہوا ہو تو وہ پیدائشی (British) ہوگا۔

مزید معلومات کیلئے دیکھیں:

www.gov.uk/becoming-a-british-citizen/check-if-you-can-apply

برائے مہربانی یاد رکھیں کہ British Citizenship برٹش سٹیزن شپ کی مختلف درخواستوں کیلئے فیس کی مد مختلف ہوں گے۔

4A.18 Family Reunion فیملی ری یونین یعنی گھرانوں کا دوبارہ ملاپ

اگر آپ کو انسانی حقوق کی حفاظت یا پناہ گزیں کا درجہ دیا گیا ہو تو آپ گھرانے کو اپنے پاس بلانے کی درخواست دے سکتے ہیں۔ گھرانوں کا ملاپ یا فیملی ری یونین ان لوگوں کےلئے ہے جن کے گھرانے کا کوئی فردیا افراد پہلے سے ہی UK یو-کے میں ہوں اور پیچھے رہنے والوں کو رہائش کا حق دیا جائے۔ وہ بھی آپ کے پاس آکرآپ ہی کی شرائط کے تحت رہیں گے۔

ان میں یہ لوگ ہوسکتےہیں: جیسے میاں، بیوی، سول پارٹنر، غیر شادی شدہ یا ہم جنس جوڑے۔ ان میں اٹھارہ سال سے کم عمر کے وہ بچے بھی شامل ہوں گےجو آپ کے ملک سے نکلنے کے وقت آپ پر انحصار کرتے تھے اورآپ کے گھرانے کا حصہ تھے۔ ان میں وہ بچے بھی شامل ہوں گے جن کا حمل آپ کے ملک سے نکلنے سے پہلے ہوا تھا۔

ممکن ہے ہوم آفس گھرانے کے دوسرے افراد کو بھی آپ کے پاس آکر رہنے کی اجازت دے دے یہ اس صورت میں ہوگا کہ کوئی قابلِ رحم حالات ہوں تو ہوم آفس عمومی قوانین سے ہٹ کر آپ کو یہ اجازت دے سکتا ہے۔ اس بارے میں مزید معلومات Home Office ہوم آفس کی درج ذیل ویب سائٹ پر مل سکتی ہیں:

www.gov.uk/settlement-refugee-or-humanitarian-protection/family-reunion

4A.19 English Classes انگلش کی کلاسز

ممکن ہے آپ اپنی English انگلش کی مہارت کو بہتر کرنا چاہیں UK یو-کے کی رہائش کو سمجھ سکنے اور یہاں کے معاشرے میں رہ سکنے کےلئے یہ ایک بہترین ذریعہ ہے۔ ممکن ہے آپ English انگلش اس لئےسیکھنا چاہیں کہ ملازمت کرنے، تعلیم حاصل کرنے، روزمرّہ کے کاموں یا لوگوں سے ملنے جلنے میں آپ کو مدد مل سکے۔ آپ ESOL ایسول کلاسیں کہا جاتا ہے یعنی دیگر زبانیں بولنے والوں کےلئے English انگلش کی کلاسیں آپ بھی شروع کرسکیں۔ آپ اس مرحلے سے شروع کرسکیں گے جو آپ کےلئے مناسب ہوگا۔ آپ کا جائزہ لیا جائے گا کہ پہلے سے آپ کو کس حد تک English انگلش آتی ہے اور مناسب درجے پر آپ کو داخل کیا جائے گا۔ آپ یہ چیزیں سیکھ سکیں گے۔

- Conversational English بول چال کی انگلش
- Listening to English انگلش سننا
- Reading and Writing English انگلش پڑھنا اور لکھنا
- Vocabulary الفاظ کے ذخیرے
- Punctuation and grammar صرف و نحو

ESOL ایسول کے کسی کورس میں داخلے کےلئے آپ اپنے مقامی فردر ایجوکیشن کالج یعنی اضافی تعلیم کے کالج سے رابطہ کریں۔

عموماً ستمبر میں کورس شروع ہوتے ہیں۔ اگر آپ کو اس امر میں مشکل ہو رہی ہے کہ ایک ایسا کالج ڈھونڈ سکیں جس میں آپ کےلئے مناسب ESOLایسول کورس موجود ہو تو اپنے مقامی جاب سینٹر پلس سے مدد کےلئے رابطہ کریں۔

کیا مجھے فیس ادا کرنا ہوگی؟

انگلینڈ England

اگر آپ Job Seekers Allowance جاب سیکرز الاؤنس لے رہے ہوں یا ملازمت پر مبنی ESA امپلائمنٹ اینڈ اسپورٹ الاؤنس لے رہے ہوں تو آپ مفت English انگلش کی کلاسوں میں داخلہ لے سکیں گے۔

Walesویلز

Walesویلز میں ESOL ایسول کے کورس میں پڑھائی بلکل مفت ہے۔

Scotland اسکاٹ لینڈ

آپ ان کے ذریعے English انگلش کی کلاسوں کےلئے فنڈ کی درخواست کر سکیں گے:

- Higher Education اعلٰی تعلیم کےلئے فیس اور طلبہ کی مدد
- Further Education فردر ایجوکیشن یعنی اضافی تعلیم کےلئے فیس کو ختم کرانا اور خصوصی حالات کی بنا پر امدادی وظیفہ

اگر جس دن کورس شروع ہوتا ہے اس دن آپ کا درجہ عام رہائشی کا ہے تو آپ یہ شروع کرسکیں گے۔

آپ کے شریکِ حیات، سول پارٹنر او ر بچہ جو عمومی رہائشی ہونے کے معیار پر پورا اترے اسے بھی یہ حق حاصل ہے۔ ممکن ہے کہ آپ Individual Learning Account انڈیویجول لرننگ اکاؤنٹ یعنی انفرادی تعلیمی اکاؤنٹ یا Education Maintenance Allowance ایجوکیشن مینٹیننس الاؤنس یعنی تعلیم جاری رکھ سکنے کا الاؤنس حاصل کرسکنے کی درخواست دینے کے بھی اہل ہوں